فوری ریلیز کے لیے: 2023/22/2 گورنر KATHY HOCHUL

## ***گورنر HOCHUL نے چھوٹی، دیہی اور پسماندہ کمیونٹیز کو پانی تک رسائی کے لیے درکار بنیادی ڈھانچے کے لیے حصولِ فنڈنگ میں مدد کی خاطر کمیونٹی معاونتی ٹیمیں متعارف کروانے کا اعلان کیا ہے***

***کمیونٹیز کو پانی کے بنیادی ڈھانچے میں بہتری کے لیے درکار ضروری وسائل اور فنڈنگ سے ربط میں لانے کے لیے اقتصادی ترقیاتی خطوں میں رسائی کی غرض سے تقریبات طے کی گئی ہیں***

***منصوبہ بندی سے تکمیل تک کے منصوبوں میں معاونت کے لیے کمیونٹی معاونتی ٹیمیں موقع پر اور ورچوئل مشورے کے لیے دستیاب ہیں***

گورنر Kathy Hochul نے آج چھوٹی، دیہی اور پسماندہ کمیونٹیز کو درپیش پانی کے بنیادی ڈھانچے کی ضروریات سے نمٹنے کے لیے ایک فعال رسائی کی پیش رفت کے اجراء کا اعلان کیا ہے۔ ماحولیاتی سہولیات کی کارپوریشن برائے ریاست نیو یارک (New York State Environmental Facilities Corporation) نے کمیونٹیز کو اپنے لیے پانی کے بنیادی ڈھانچوں کے منصوبوں کو چلانے میں مدد کے لیے ماہرین سے رابطے قائم کروانے کے لیے معاونتی ٹیمیں تشکیل دی ہیں۔ یہ ٹیمیں کمیونٹیز کو منصوبوں کی تیاری پر فوری کام شروع کرنے، فنڈنگ کے لیے درخواست جمع کروانے، اور اپنے منصوبوں کی تکمیل تک نگرانی میں مدد کے لیے موقع پر اور ورچوئل مشاورت فراہم کریں گی۔

"پانی کے بہت سے اہم نظام ناقابل مرمت ہونے تک نظرانداز ہوتے رہے ہیں کیونکہ کمیونٹیز کے پاس ان ناگزیر منصوبوں کو چلانے کے لیے عملہ، وسائل یا مہارت نہیں تھی، لیکن آج یہ سلسلہ رک چکا ہے،" **گورنر Hochul نے کہا۔** "اس برس کے انتظامی بجٹ میں صاف پانی کے لیے مختص 500$ ملین کے ذریعے، میری انتظامیہ ان رکاوٹوں کو دور کرنے کے لیے کام جاری رکھے گی جو کمیونٹیز کو اپنی آنے والی نسلوں کے لیے صاف پانی تک رسائی کی قابلیت حاصل کرنے کے لیے درکار مالی معاونت کے حصول سے روکتی ہیں۔"

ماحولیاتی سہولیات کی کارپوریشن (Environmental Facilities Corporation, EFC) برائے ریاست نیو یارک عوامی فائدے کے لیے کام کرنے والی ایک کارپوریشن ہے جو پانی کے بنیادی ڈھانچے میں بہتری کے لئے کم قیمت پر سرمایہ اور گرانٹس مہیا کرتی ہے، وہ ماحولیاتی تحفظ اور صحت کے محکموں کے ساتھ مل جُل کر کام کر رہی ہے تاکہ چھوٹی، دیہی اور پسماندہ کمیونٹیز تک براہ راست رسائی کے لیے کمیونٹی معاونتی ٹیموں کی تعیناتی کر سکے۔ اس میں گورنر کی علاقائی اقتصادی ترقیاتی کونسلز اور مقامی تنظیموں کے ساتھ شراکت داری شامل ہے تاکہ معلوماتی تقریبات کی میزبانی کی جا سکے، ان کمیونٹیز کی شناخت ہو سکے جن کے پاس انضباطی سہولیات ہیں اور انہوں نے حالیہ کئی برسوں میں EFC کو فنڈنگ کے لیے استعمال نہیں کیا، اور میونسپلٹیز سے براہ راست معاونت کے لیے درخواستیں دی جا سکیں۔ ٹیمیں ایسی کمیونٹیز کو براہ راست معاونت فراہم کریں گی جو پانی کے اپنے موجودہ بنیادی ڈھانچے کو تازہ ترین کرنے کی منصوبہ بندی کر رہی ہیں اور جو پانی اور نکاسی کی سہولیات سے آراستہ نئے ڈسٹرکٹ کی تخلیق کے لیے کام کر رہی ہیں۔

**اس تاریخ کو محفوظ کر لیں: رسائی تقریبات**

رسائی کی تقریبات فی الحال موہاک ویلی، ملک کے شمالی حصے اور جنوبی سلسلے کے لیے ترتیب دی گئی ہیں۔ اضافی تقریبات کا اعلان EFC کی ویب سائٹ پر کیا جائے گا، کمیونٹیز EFC کی جانب سے ای میلز کی موصولی کے لیے سائن اپ بھی کر سکتی ہیں۔

- **موہاک ویلی**: 28 فروری بروز منگل، دوپہر 1-3 بجے، Herkimer College, Robert McLaughlin College Center, 100 Reservoir Road, Herkimer, NY 13350۔ موہاک ویلی میں ہونے والی تقریب میں نام، کمیونٹی اور رابطہ معلومات کے ساتھ بذریعہ ای میل info@mvedd.org پر رجسٹر ہوں یا بذریعہ Zoom رجسٹر ہوں۔
- **شمالی ملک**: 14 مارچ بروز منگل، دوپہر 12:30-3 بجے، Essex County Offices, Supervisors Board Room, 7551 Court St., Elizabethtown, NY 12932۔ شمالی ملک میں ہونے والی تقریب کے لیے آن لائن رجسٹر ہوں۔
- **جنوبی سلسلہ**: 6 اپریل، مرکزی علاقائی قیادت کانفرنس برائے جنوبی سلسلہ، Corning Community College, 1 Academic Drive, Corning NY 14830۔ جنوبی سلسلے میں ہونے والی تقریب کے لیے آن لائن رجسٹر ہوں۔

**ایک ملاقات ترتیب دیں**
کمیونٹی معاونتی ٹیمیں میونسپل حکام کے ساتھ بالمشافہ یا ورچوئل ملاقاتوں کے لیے بذریعہ درخواست دستیاب ہیں۔ میونسپلٹیز، کمیونٹی معاونتی ٹیم کے ساتھ مشاورت کے لیے وقت طے کرنے کے لیے https://efc.ny.gov/CAT پر EFC کے ساتھ رابطہ قائم کر سکتی ہیں۔

**ماحولیاتی سہولیات کی کارپوریشن برائے ریاست نیو یارک کی صدر اور CEO Maureen A. Coleman نے کہا کہ**، "پانی کے بنیادی ڈھانچے میں بہتری کے لیے بڑی مقدار میں فنڈنگ دستیاب ہے اور EFC ان ڈالرز کو ایسی کمیونٹیز اور منصوبوں کو نوازنے کے لیے تیار ہے جنہیں ان کی سب سے زیادہ ضرورت ہے۔ EFC طویل عرصے سے کمیونٹیز کو پانی کے بنیادی ڈھانچے کے اہم منصوبوں پر کام کے لیے فنڈنگ تک رسائی پانے میں مدد کر رہی ہے۔ گورنر HOCHUL کی اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ پیش رفت اسی روایت کو آگے بڑھا رہی ہے۔ EFC کو فخر ہے کہ وہ کمیونٹی معاونتی ٹیموں کی قیادت کرے گی جو یہ یقینی بنائیں گی کہ کوئی بھی کمیونٹی صرف اس لیے پیچھے نہ رہ جائے کہ ان کے پاس کسی منصوبے کو آگے بڑھانے کے لیے صلاحیت کی کمی تھی۔ EFC کی پرخلوص ٹیمیں ریاست کے ساتھ اور وہاں موجود مقامی شراکت داروں کے ساتھ کندھے سے کندھا ملا کر کام کرنے کے لیے بے تاب ہیں اور ہم اس امر پر زور دیتے ہیں کہ ایسی کوئی بھی کمیونٹی جسے معاونت کی ضرورت ہے، وہ ہم سے رابطہ کرے۔"

**ریاست نیو یارک کے محکمہ برائے ماحولیاتی تحفظ کے کمشنر اور EFC بورڈ کے سربراہ Basil Seggos نے کہا کہ**، " گورنر Hochul کی اسٹیٹ آف دی اسٹیٹ پیش رفت نیو یارک کی تمام کمیونٹیز کو ان کے حجم اور مقام سے بالاتر ہوتے ہوئے، پانی کے بنیادی ڈھانچے میں بہتری اور تعمیر کے لیے فراہم کیے جانے والی فنڈنگ کی ریکارڈ مقدار تک رسائی میں اہم کردار ادا کرے گی۔ پسماندہ کمیونٹیز آلودگی کا غیرمتناسب بوجھ اپنے کندھوں پر اٹھاتی ہیں، لہٰذا انہیں اور ہمارے دیگر چھوٹے قصبوں اور گاؤں کو فنڈنگ کی تلاش میں مدد دینے میں باعلم ریاستی ماہرین سے جوڑنے سے صاف پانی کے حصول کے اہداف اور صاف تر، ترقی کرتے نواحی علاقوں کی تعمیر میں مزید کامیابی ملے گی۔"

**نیو یارک سیکرٹری برائے ریاست Robert J. Rodriguez نے کہا**، "پینے کا صاف پانی پوری ریاست نیو یارک میں صحت مند، مستحکم اور مزاحمت کرنے والی کمیونٹیز کے لیے اولین ترجیح ہے۔ ریاست نیو یارک صاف پانی کے ان بنیادی ڈھانچوں میں متحرک طور پر سرمایہ کاری جاری رکھے ہوئے ہے جو صحت عامہ، معیارِ زندگی، کمیونٹی کی احیائے نو اور اقتصادی ترقی کے لیے ناگزیر ہیں۔ رسائی کی یہ اختراعی پیش رفت یہ یقینی بنانے میں مدد دے گی کہ نیو یارک کی چھوٹی، دیہی اور پسماندہ کمیونٹیز کو پانی کے بنیادی ڈھانچے کے لیے ضروری فنڈنگ تک یکساں رسائی حاصل ہو۔ اس پیش رفت کے ساتھ، کوئی بھی کمیونٹی، خواہ اس کا حجم یا وسائل کچھ بھی ہوں، نیو یارک کی

کمیونٹی کے استحکام کے لیے قومی قیادت کرنے والی کوششوں میں پیچھے نہیں رہ سکے گی۔"

**ریاست میں صحت کے عبوری کمشنر Dr. James McDonald نے کہا کہ،** "ہماری کمیونٹیز کے لیے پانی کے بنیادی ڈھانچوں میں سرمایہ کاری یہ یقینی بنانے میں مدد دے گی کہ نیو یارک کے تمام باشندگان کو صاف پانی تک رسائی جاری رہے۔ گورنر Hochul یہ ادارک رکھتی ہیں کہ صاف ماحول کو یقینی بنانے کے لیے اسٹریٹیجک سرمایہ کاریاں کرنا اور ممکنہ حد تک اعلیٰ ترین معیار کے حامل پانی کی دستیابی جیسے عوامل نیو یارک کے باشندگان کی صحت کا تحفظ کرتے ہیں۔ یہ کمیونٹی معاونتی ٹیمیں ریاستی اور مقامی دونوں سطحوں پر ہمارے شراکت داروں کے ساتھ کام کریں گی تاکہ یہ یقینی بنا سکیں کہ وہ اپنے پانی کے نظام کو تازہ ترین کرنے کے لیے درکار مالی معاونت حاصل کر رہے ہیں۔"

**پانی کے معیار کے حوالے سے نیو یارک کا عزم**
نیو یارک نے صاف پانی کے بنیادی ڈھانچے میں اپنی سرمایہ کاریوں میں اضافہ کرنے کا عمل جاری رکھا ہوا ہے۔ حال ہی میں، گورنر Hochul نے اپنے 2024 کے انتظامی بجٹ کی تجویز میں صاف پانی کے لیے فنڈنگ کی مد میں اضافی $500 ملین کی سرمایہ کاری کا عزم کیا ہے، جس کے نتیجے میں نیو یارک کی جانب سے صاف پانی کے بنیادی ڈھانچوں میں 2017 سے کی جانے والی سرمایہ $5 بلین تک پہنچ چکی ہے۔

مزید برآں، $4.2 بلین مالیت کے صاف پانی، صاف ہوا، اور گرین جابز ماحولیاتی بانڈ ایکٹ کی بذریعہ ووٹ منظوری کے ساتھ، پانی کے بوسیدہ ہوتے بنیادی ڈھانچے کو اپ ڈیٹ کرنے اور پانی کے معیار کی حفاظت؛ شدید طوفانوں اور سیلاب کا سامنا کرنے کے لیے کمیونٹیز کی صلاحیت کو مضبوط بنانے؛ فضائی آلودگی میں کمی کے ساتھ آب و ہوا کو تبدیل کرنے والے اخراج کو بھی کم کرنے؛ رہائشی مقامات کو بحال کرنے؛ میدانوں اور مقامی فارمز کو محفوظ رکھنے؛ اور کم از کم 35 فیصد سرمایہ کاری سے انصاف کو یقینی بنانے کے لیے اضافی، تاریخی سطح کی فنڈنگز موجود ہیں، جس میں پسماندہ کمیونٹیز کے لیے 40 فیصد وسائل کا ہدف مقرر ہے۔

###

اضافی خبر یہاں ملاحظہ کی جا سکتی ہے www.governor.ny.gov
ریاست نیو یارک | ایگزیکٹیو چیمبر | press.office@exec.ny.gov | 518.474.8418